ہاتھ سے منی نکالنا گناہ کبیرہ ہے

ازافادات: شیخ العرب والعجم عارف باللہ مجددِ زمانہ حضرت مولانا شاہ حکیم محمد اختر صاحب رحمۃ اللہ علیہ

(۱).....حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے: "نَاکِحُ الْیَدِ مَلْعُوْنٌ" ہاتھ سے منی گرانے والا ملعون ہے۔

(۲).....صحت ختم ہوجاتی ہے۔

(۳).....گناہِ کبیرہ ہے اور کبیرہ گناہ والے جہنم کا ایندھن بنیں گے۔

(۴).....بہت سی دفعہ شادی کے لائق نہیں رہتا کہ منی پتلی ہوجاتی ہے۔

(۵).....اگر عادت نہیں چھوٹی تو پھر بدفعلی میں مبتلا ہوجاتا ہے۔

(۶).....یہ عادت بدنظری کی لعنت سے پڑتی ہے کیونکہ قرآن پاک میں ہے کہ جو نگاہ کی حفاظت کرے گا تو اس کی شرمگاہ کی محفوظ رہے گی تو معلوم ہوا کہ بدنظری کرنے کے بعد شرمگاہوں کی حفاظت نہیں رہتی اور انسان گرم ہوجاتا ہے۔ (تفصیل کے لئے بیانات میں آتے رہیں مشورہ کریں)

(۷).....جنسی کمزوری، دماغی کمزوری، یعنی حافظہ کمزور، خون کی کمی، ارادے کمزور، دل کمزور حتیٰ کہ بلی کودے تو دل دھڑکنے لگتا ہے جیسے شیر کود گیا۔

(۸).....چہرے کا نور اور چمک دمک ختم آنکھوں کے گرد حلقے اور عجیب لعنت برستی ہے کیونکہ لعنتی کام کرتا ہے۔ رنگ زرد، آنکھیں اندر دب جاتی ہیں۔ طبیعت میں چڑچڑاپن آجاتا ہے۔ جسم، دل اور دماغ تباہ ہوجاتے ہیں۔

(۹).....جلدی جان نہ چھوڑی تو جوانی ہی میں پیشاب کے قطروں کی بیماری لگ جاتی ہے۔

(۱۰).....ہاتھ کی سخت رگڑ کے باعث عضوِ تناسل کے باریک ریشے مردار ہوجاتے ہیں اور ان میں دورانِ خون باطل ہوجاتا ہے جس کے باعث عضوِ تناسل میں ڈھیلا پن آجاتا ہے اور انتشار ہونا ختم ہوجاتا ہے، یہ کیفیت نامردی کہلاتی ہے۔

ہاتھ سے منی نکالنے کی عادت کس طرح چھوڑے

(۱)... ہر گناہ چھوڑنے کے لئے علاج بجز ہمت کے اور کچھ نہیں ہے۔ ٹھان لے کہ جان دے دوں گا مگر لاکھ تقاضا ہو یہ گناہ نہیں کروں گا اور اگر کوئی آپ کو قتل کرنے آجائے تو جس ہمت سے آپ اس کا مقابلہ کروگے اتنی ہمت سے اس تقاضے کا مقابلہ کریں تب بچ سکیں گے۔ جان سے زیادہ ایمان بچانا ضروری ہے۔ جب تقاضا پیدا ہو گناہ کا، جان پر کھیل کر اس کو کچل دے۔ وہ تقاضا گناہ کا جو پیدا ہوا، وہ سب کا سب نور بن جائے گا۔

(۲)... سوچے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''ہاتھ سے منی گرانے والا ملعون ہے۔''

(۳)..... قیامت کے دن ہاتھ سے حمل نکلے گا۔ تو کیا اس وقت اللہ تعالیٰ اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم اور پوری مخلوق کے سامنے ذلیل نہ ہوگا۔

(۴)..... اللہ تعالیٰ ہمارے ساتھ ہے، اس کا مراقبہ کریں۔

(۵)..... اللہ تعالیٰ دیکھ رہے ہیں، مراقبہ کرے۔

(۶)..... بدنظری کی لعنت کی وجہ سے ہے۔ اس لئے ایسے فوٹو جو گندے ہیں حتیٰ کہ اخبار کے فوٹو تک نہ دیکھے۔ Dish، Cable، Internet، VCR، TV، گانے وغیرہ کے نزدیک نہ جائے حتیٰ کہ Computer پر خط و کتابت تک نہ کرے ورنہ خیالات آئیں گے، گرم ہوجائے گا اور ہاتھ سے منی نکال دے گا۔

(۷)..... اکیلے نہ رہے۔ اچھے دوستوں میں بیٹھے۔

(۸)..... صحبتِ صالحین کی فکر کرے۔ بشرطِ اطلاع و اتباع۔

(۹)..... اپنے شیخ سے مشورہ کرکے ایک جرمانہ مقرر کرے کہ دل پر بوجھ ہو اور یہ جرمانہ بصورتِ صدقہ شیخ کی معرفت دے تا کہ دل میں دکھ ہو کہ میرا شیخ کتنا غمگین ہوگا۔

(۱۰)..... نظر کی حفاظت اور دل کی حفاظت کرے۔ اس کے لئے صرف مشورے یا وظیفے یا صرف صحبتِ صالحین سے کام نہیں بنے گا۔ بلکہ اس نظر و قلب کی حفاظت کیلئے شیخ کے سب مشوروں پر عمل کرے۔

(۱۱)..... اگر دوبارہ اس لعنت میں مبتلا ہو تو ہر دفعہ کم از کم بیس نفل توبہ کے پڑھے۔

شعبہ نشر و اشاعت غُرفۃُ السّالکین، مسجد اختر، C-96، گلستان جوہر بلاک 12، نزد سندھ بلوچ سوسائٹی، گیٹ نمبر 2، کراچی
فون: 4-021-34030643 ای میل ایڈریس: ask@hazratferozmemon.org ویب سائٹ: www.hazratferozmemon.org